TENDER NOTICE Recall 2022-23

# آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر
# نظـــــامت خــــوراک
ڈی-151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

## شارٹ ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے مالی سال 2023-24' کے لئے سالانہ ڈھلائی غلہ ٹھیکہ جات مورخہ،30 آگست اور 31 اگست 2023ء کوٹینڈرز طلب کئے گئے ،طلبیدہ ٹینڈرز میں جن مقامات کے ٹھیکہ جات حتمی طور پر یکسو نہیں ہو سکے تھے،ان کے لئے دوبارہ ٹینڈرز طلب کرتے ہوئے بذیل اسٹیشن ھاء پر اجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 2023-24ء کے لئے تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:۔

| نمبر شمار | از<br>مقـــــام | تا<br>مقـــــامات |
|---|---|---|
| 1 | پاک پتن ساہیوال | بیس گودام اسلام آباد، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال، |
| 2 | لیہ | بیس گودام اسلام آباد |
| 3 | خانیوال | بیس گودام اسلام آباد، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال، |
| 4 | وہاڑی | بیس گودام اسلام آباد |
| 5 | بہاولنگر | بیس گودام اسلام آباد، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال |
| 6 | بورے والا | بیس گودام اسلام آباد |
| 8 | خانپور | صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال |
| 9 | ملتان/لودھراں | پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال |
| 10 | بیس گودام اسلام آباد | پونچھ فلور ملز ارجہ، جدید فلور ملز گوارہ، اتفاق فلور ملز سہنسہ |
| 11 | بیس گودام میر پور | ،صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال، اتفاق فلور ملز سہنسہ (بوقت ضرورت) |
| 12 | پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال | ڈڈیال، کٹھار دلاور خان، سیاکھ، ناڑ، جرائی، گل پور، کوٹلی، ڈونگی، چوکی موگ |
| 13 | منگلا فلور ملز میر پور | میر پور، جمید پور، منگلا ہملٹ، جاتلاں، کالاڈب، چڑھوئی |
| 14 | صدیقی فلور ملز جاتلاں | سیری، کھوئی رٹہ، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال (بوقت ضرورت) |
| 15 | نیو فائن فلور ملز میر پور | اسلام گڑھ، |
| 16 | اتفاق فلور ملز سہنسہ | نالیاں، تمروٹی (پناگ گلی)، پونچھی گلہ کیر یلہ مجہان، گوئی |
| 17 | گیلانی فلور ملز کوہالہ | غازی آباد، رنگلہ، ککیر، نیلم فلور ملز مظفر آباد (بوقت ضرورت) |
| 18 | سدوزئی فلور ملز آزاد پتن | ڈنہ نمبر ۴ |
| 19 | جدید فلور ملز گوراہ | پلنگی، تنگڈار، کہوٹہ |
| 20 | یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات | ہولاڑ |
| 21 | ڈپو کہوٹہ | کیرنی سیرڈنہ |
| 22 | ڈپو کیلر | ہلاں |
| 23 | ڈپو فتح پور | کیرنی سیرڈنہ |
| 24 | ڈپو پلنگی | چڑی کوٹ سیڑھیاں |
| 25 | نیلم فلور ملز مظفر آباد | دھنی سیداں، چناری / چکوٹھی، ریوند، چکار، نون بگلہ / میرا خورد، گہل جبڑا، شاردا |
| 26 | ڈپو بنیاں بالا | گندی گراں |

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زر بیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نظامت خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سر بمہر لفافہ میں مورخہ 03 اکتوبر ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 00-12 بجے دن کھولے

CS Scanned with CamScanner

جائیگی۔ جملہ مقامات کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت (Performance Guarantee) تحت مروجہ ہدایات جمع کروائی ہوگی۔

**شرائط:**

1۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات میں شمارا نمبر 1 تا 10 کیلئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔ اس سلسلہ میں ملحقہ کوائف ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کئے جاسکتے ہیں جن پر کلی عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ پاسکو زون ہا میں شامل سینٹرز کی تفصیل نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہے تاہم پاسکو کی جانب سے زون کے اندر نیا سینٹر بھی الاٹ کیا جاسکتا ہے۔ ان میں سے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

3۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے گا۔ جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2024ء تک ہوگی۔ تاہم ان ٹھیکہ جات میں توسیع نئے ٹھیکہ جات کے حتمی ہونے تک کی جاسکتی ہے۔ جس کے لئے ٹھیکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیدار کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی.

8۔ ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل / پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ نرخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور کارگزاری زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔ کارگزاری زرضمانت کی واگزاری / واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہوگی۔

10۔ افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

11۔ ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے نافذ کردہ قوانین کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دہندگان کی ذمہ داری ہوگی۔ ایکسل وائز لوڈ پر پابندی پر عمل درآمد ہونے یا نہ ہونے، ہر دو صورتوں میں ٹھیکیداران کو غلہ کی ڈھلائی مکمل کرنا ہوگی۔ اس لئے ٹینڈر دہندگان کو دونوں صورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نرخ پیش کرنا ہوں گے۔

12۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز (جی ایس ٹی 15%، انکم ٹیکس 4%، تجوید القرآن ٹرسٹ 5/- روپے فی ہزار روپے، ایجوکیشن سیس انکم ٹیکس کا 10%، کے ایل سی 1/- روپیہ فی 1000/- روپے اور سٹیمپ ڈیوٹی 0.25% فی 100/- روپے) وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائے گی۔ نیز مالی سال کے دوران اگر کوئی نیا ٹیکس لاگو ہوتا ہے تو وہ بھی وصول کیا جائے گا۔

نوٹ: یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

امجد علی مغل (AJ&KAS)
ڈائریکٹر خوراک
فون نمبر 051-9290625

Scanned with CamScanner